اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# گھریلو صدقہ بکس کے ترغیبی نِکات

﴿1﴾ احادیث مبارکہ کی روشنی میں صدقہ دینے والوں کو یہ فوائد ملنے کی امید ہے۔

(فتاوی رضویہ جلد 23، ص152 تا 154)

☆ اللہ عزوجل کے اذن سے بری موت سے بچیں گے۔ بری موت کے ستر (70) دروازے بند ہوں گے۔

☆ عمریں زیادہ ہوں گی، رزق کی وُسعت، مال کی کثرت ہو گی۔

☆ آفتیں، بلائیں دور ہو گی، بُری تقدیر ٹلے گی۔

☆ ستر (70) دروازے برائی کے بند ہوں گے۔ ستر (70) قسم کی بلائیں دور ہوں گی۔

☆ مددِالٰہی عزوجل شاملِ حال ہو گی، رحمتِ الٰہی عزوجل ان کے لئے واجب ہو گی، غضبِ الٰہی اِن سے دُور ہو گا وغیرہ

﴿2﴾ اگر صدقے کے فضائل لکھ کر گھر میں کسی ایسی نمایاں جگہ پر آویزاں کرلیں گے جہاں اس کے آداب بھی بجالائے جا سکیں تو چلتے پھرتے نظر پڑنے سے ترغیب ملتی رہے گی۔ (**"صدقہ کے 25 مدنی پھول"** مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ **"ضیائے صدقات"** ص 174 تا 176 سے ترکیب کی جاسکتی ہے)

﴿3﴾ گھریلو صدقہ بکس رکھنے اور بکس میں صدقہ کے لئے رقم ڈالتے وقت اچھی اچھی نیتیں کرنا نہ بھولئے مثلاً اللہ عزوجل کی رضا، حصولِ ثواب، دینی کاموں میں معاونت، صدقے کے فضائل وغیرہ۔

﴿4﴾ حتی الامکان ایک رقم مقرر کر کے روزانہ گھریلو صدقہ بکس میں ڈالتے رہئے، اگر کسی دن رہ جائے تو اگلے دن دُگنے ڈال دیجئے، مثلاً روزانہ 10 روپے ڈالتے ہیں تو بھول جانے کی صورت میں اگلے دن 20 روپے ڈالئے۔

﴿5﴾ نابالغ بچہ یا بچی اپنی ذاتی رقم اس گھریلو صدقہ بکس میں نہ ڈالیں۔ البتہ والدین اپنی رقم بچوں کے ذریعے دلوائیں تاکہ بچوں کا بھی راہِ خدا عزوجل میں خرچ کرنے کا ذہن بنے۔

﴿6﴾ گھریلو صدقہ بکس پر احادیث مبارکہ بھی لکھی ہیں لہٰذا اس کا ادب کیجئے۔

﴿7﴾ یہ گھریلو صدقہ بکس خریدنے والی کا ذاتی ہو گا اور اس میں اگر اپنی ذاتی رقم ڈالے گی تو اس کی مِلک میں ہی رہے گی۔ یعنی چاہے تو اپنے ذاتی استعمال میں لاسکتی ہے۔ لیکن بہتر ہے کہ جو رقم صدقے کی نیت سے نکال لی اب اسے صدقہ کر دیں مثلاً مسجد، مدرسہ یا کسی غریب کو دے دیں یونہی دینی کاموں میں تعاون کی نیت سے اپنی تحریک دعوت اسلامی کو بھی دے سکتے ہیں۔

﴿8﴾ اگر آپ کے گھریلو صدقہ بکس میں آپ کے علاوہ گھر یا خاندان کے دیگر افراد بھی صدقہ ڈالتے ہیں تو اب آپ پر اس صدقہ بکس کی حفاظت ضروری ہے کیونکہ اب ان کی رقم آپ کے پاس امانت ہے اور امانت کی حفاظت ایک بہت ہی اہم ذمہ داری ہے جو اب آپ پر لازم ہو گی اور وہ افراد جس مد کے لئے رقم ڈالتے ہیں اب اس رقم کو اسی مد میں پہنچائیں مثلاً اگر دعوت اسلامی کے لئے ڈالتے ہیں تو اب آپ پر یہ رقم دعوت اسلامی تک باحفاظت پہنچانا لازم ہو گا کوتاہی کی صورت میں تاوان وگناہ آپ کے سر ہو گا۔

﴿9﴾ گھریلو صدقہ بکس میں صرف نفلی ڈونیشن جمع کریں صدقات واجبہ علیحدہ سے جمع کر کے مستحق زکوٰۃ کو ادا کر دیں یا اگر دعوت اسلامی کو جمع کروائیں تو بتا کر جمع کروائیں تاکہ اس کی درست ادائیگی ہو سکے۔

﴿10﴾ گھریلو صدقہ بکس کی رقم ہر ماہ دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں "گھریلو صدقہ بکس" کے بستے پر جمع کروائیں۔